# کراچی کنگز ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پہلے مرحلے میں جیت کا مزہ نہ چکھ سکی

**کراچی، 6 فروری 2022ء:**

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پہلے مرحلے کے 14 ویں میچ میں اسلام آباد یونائیٹڈ نے کراچی کنگز کو 42 رنز سے ہرادیا۔ ٹورنامنٹ کے پہلے مرحلے میں جیت کی راہ تکنے والی کراچی کنگز کی یہ ایونٹ میں مسلسل پانچویں شکست ہے۔

178 رنز کے تعاقب میں کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 135 رنز ہی بناسکی۔ کراچی کنگز کے کپتان بابر اعظم سمیت سات بیٹرز ڈبل فگرز میں بھی داخل نہ ہوسکے۔ محمد نبی ناقابل شکست 47 رنز بناکر نمایاں رہے۔

فاتح ٹیم کے کپتان شاداب خان نے چار کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

اس سے قبل اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو ان کے ابتدائی چار بیٹرز نے اپنی ٹیم کو محتاط مگر مضبوط آغاز فراہم کیا۔ پال اسٹرلنگ نے 30 گیندوں پر 39، شاداب خان نے 19 گیندوں پر 34، کولن منرو نے 33 گیندوں پر 33 اور ایلکس ہیلز نے 21 گیندوں پر 30 رنز بنائے۔

اختتامی اوورز میں آصف علی، اعظم خان اور فہیم اشرف نے بھی اسکوربورڈ کو آگے بڑھانے میں اپنا حصہ ڈالا، جس کے نتیجے میں اسلام آباد یونائیٹڈ نے مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 177 رنز بنائے۔ کرس جارڈن نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

لیگ کے پہلے مرحلے کا آخری میچ پیر کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور لاہور قلندرز کے مابین کھیلا جائے گا۔ لیگ کا دوسرا مرحلہ 10 فروری سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شروع ہو گا۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications



www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4